




# لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

## قطعۂ تاریخ نبوت

جو آئی وحیِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مرے نبیؐ نے پڑھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
عیاں ہو سالِ نبوت کہ جی لگا کے کوئی
پڑھے جو صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

611ء

(سفیرالدین کمال)

مرتب

مشتاق دربھنگوی

# انتساب

اللہ

کی مخلوقات

کے نام

مصروف ہیں اللہ کی جو حمد و ثنا میں

گلستانِ کلمۂ طیّب کے پھول
ہیں سبھی برتر کوئی کمتر نہیں



جملہ حقوق بحق
مرتب محفوظ

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | لا اِلٰہ اِلَّا اللہ |
| مرتب | : | مشتاق دربھنگوی |
| سن اشاعت | : | 2009ء |
| تعداد | : | 500 |
| قیمت | : | 100روپے |
| تاریخِ پیدائش | : | 5فروری 1958ء |
| جائے ولادت | : | دربھنگہ (بہار) |
| موجودہ پتہ | : | بسائی پٹی، مجھولیا، لہیریا سرائے، دربھنگہ (بہار) |
| ناشر | : | اخبار مشرق پبلی کیشنز، 12 درگاہ روڈ، کلکتہ۔17 |
| موبائیل | : | 8013089694 |

**Email:**
**mushtaquedarbhangwi@yahoo.com**
**mushtaqued786786@gmail.com**
**Visit me: mushtaqued.blogspot.com**

## نذرِ مشتاق دربھنگوی

ہے زباں پر رات دن مشتاقؔ ہی کا تذکرہ
صاف گو ہوں کہہ رہا ہوں بات دل کی برملا

دیکھتا ہوں آپ کی تصویر جو میں بار بار
ہے سبب شاید یہی ہوں آپ پر دل سے نثار

آپ کی سنجیدگی چہرے سے ہے بالکل عیاں
کیسے ممکن کرسکوں الفاظ میں اِس کو بیاں

ہر گھڑی اردو کی خدمت کی ہے بس اک دھن سوار
جانتا ہے ہر کوئی ہر ایک پر ہے آشکار

کٹ رہی ہے عمر ساری بس اسی اک کام میں
پھنس گئے ہیں آپ تو اردو ادب کے دام میں

نیک نامی آپ کی ہے باعثِ صد افتخار
ہے یہی میری دعا ہر دم رہے یہ برقرار

خدمتِ اردو ادب کا سلسلہ چلتا رہے
آپ کا ذوقِ ادب سینے میں بس پلتا رہے

آپ کی قربانیوں کا دل سے قائل ہے شمیمؔ
کارنامہ آپ کا مشتاقؔ ہے کتنا عظیم

محمد کمال الدین شمیم (بیدر، کرناٹک)
Mob:9900790518



## نذر مشتاق دربھنگوی

گلابِ فن کی لطافت ہیں حضرتِ مشتاقؔ
ادب کے باغ کی زینت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

ملا ہے ریختہ اعزاز خدمتوں کے لئے
صلاحیتوں کی علامت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

زبانِ دل سے اُنہیں کیوں نہ دے دعا اردو
خیال و فکر کی ندرت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

زباں کی سانس ہیں اردو کے دل کی دھڑکن ہیں
ضمیرِ حسنِ صداقت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

وہ غمگسار ہیں مفلس کے بے پناہوں کے
سسکتے دل کی ضرورت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

ہر ایک صاحبِ حسنِ نظر یہ کہتا ہے
مثالی صاحبِ سیرت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

ادیب و شاعر و نقاد کی نگاہوں میں
ادب کے جسم کی طاقت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

ہر ایک حال میں کرتے ہیں شکر رب کا ادا
مجازِ صبر و قناعت ہیں حضرتِ مشتاقؔ

غلام سرور ہاشمی (گوپال گنج، بہار)
Mob: 9771119044

# نذرِ مشتاق دربھنگوی

مشتاقؔ صاحب اوج پہ قسمت ہے آپ کی
شہرِ رسولؐ آپ کا جنت ہے آپ کی

جا کر پڑھیں گے روضۂ سرکار پر درود
کتنی حسین و پاک سعادت ہے آپ کی

جی بھر کے دیکھ لینے دیں چہرے کو محترم
کارِ ثواب اب تو زیارت ہے آپ کی

ہم سب جو کر رہے ہیں مدینے کی گفتگو
یہ حسنِ اتفاق تو برکت ہے آپ کی

دیکھیں گے ان نگاہوں سے دربارِ مصطفٰے
یہ مرتبہ یہ شان یہ عظمت ہے آپ کی

توفیقِ حجِ کعبہ جسے کہتا ہے جہاں
یہ تو خدا سے صرف محبت ہے آپ کی

ہے لمحہ لمحہ میرے بھی لب پر درودِ پاک
یعنی عمل یہ آج بدولت ہے آپ کی

جس میں ہر اک مرض کا مداوا ہے مرحبا
زمزم وہ اب پیئیں گے یہ قسمت ہے آپ کی

**ذکی طارق** (بارہ بنکی، یوپی)
Mob:7007368108



# اپنی بات

لا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہ کا صدق دل سے اقرار کرنے والا دولتِ ایمان سے سرفراز ہوتا ہے۔ صبح وشام اِس کا وِرد ایمان کو تازہ کرتا ہے اور دمِ آخریں جسے یہ کلمہ نصیب ہو جائے اُس کی تو عاقبت سنور جاتی ہے۔ حضرتِ آدمؑ سے لے کر خاتم النبیّن حضرت محمد مصطفٰےﷺ تک جتنے انبیاءِ کرام دنیا میں تشریف لائے سبھوں نے زمانے کو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا پیغام دیا۔ میں نے کتابوں میں پڑھا ہے کہ اللہ غفور الرحیم ہے۔ وہ ہر گناہ کو معاف کر دیتا ہے مگر شرک کو معاف نہیں کرتا۔ حمد گو شعراء کی تعداد نعت گو شعراء کی طرح محدود ہے۔ اس طرح کی ترغیب حمد گوئی میں یقیناً اضافہ کر سکتی ہے۔

چند ماہ قبل جناب حلیم صابر نے علامہ اقبال کے مصرعہ ’’خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ ‘‘ پر مختلف شعراء کے قطعات جمع کیے اور مجھے یہ ترغیب دی کہ اس طرح کے قطعات اگر کثیر تعداد میں شعراء کرام سے حاصل کیے جائیں تو ایک کتابی شکل دی جا سکتی ہے اور میں نے اسی تحریک پر لبیک کہتے ہوئے شعراء کرام سے اتنے قطعات جمع کر لئے کہ ایک کتابی شکل تیار ہو گئی۔ مجھے خوشی ہے کہ اُن شعراء نے بھی اِس پر طبع آزمائی کی جو حمد و نعت نہیں کہتے یا کم کہتے ہیں لیکن میری گزارش پر اُنہوں نے قلم اُٹھایا اور اللہ کی تعریف میں اشعار کہے۔ اُن پر اللہ کی رحمتیں ہوں اور اُن کے طفیل مجھے بھی اللہ تبارک و تعالیٰ اپنی رحمتوں سے نوازے۔ اللہ نے مغفرت کے ہزاروں دروازے کھول رکھے ہیں۔ کیا عجب کہ کسی کا صرف ایک حمدیہ قطعہ اُس کی بخشش کا وسیلہ بن جائے۔ اللہ غفور الرحیم ہے۔ اُس کی رحمت کے خزانے میں کمی نہیں جسے چاہے اپنی رحمتوں سے سرفراز کر دے۔ میں بارگاہِ خداوندی میں سجدۂ شکر ادا کرتا ہوں کہ اُس نے مجھے اِس کارِ خیر کی توفیق بخشی اور اُن تمام شعراء کرام کا بھی شکر ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے میری درخواست پر حمدیہ کلام ارسال فرمایا۔ اللہ تمام مسلمانوں کو کلمۂ طیبہ کے فیوض و برکات سے مستفیض فرمائے۔ آمین!

مشتاقؔ دربھنگوی
۱۲؍جنوری ۲۰۰۹ء

# فہرست


| شمار نمبر | شعرائے کرام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | علامہ اقبال | 13 |
| 2 | قوس حمزہ پوری | 14 |
| 3 | ناوک حمزہ پوری | 15 |
| 4 | علقمہ شبلی | 16 |
| 5 | قیصر شمیم | 17 |
| 6 | عبدالمنان طرزی | 18 |
| 7 | احسن مفتاحی | 19 |
| 8 | انجم عظیم آبادی | 20 |
| 9 | احمد رئیس | 21 |
| 10 | حبیب ہاشمی | 22 |
| 11 | حلیم صابر | 23 |
| 12 | شبیر ابروی | 24 |
| 13 | نیرّ اعظمی | 25 |
| 14 | ابوذر ہاشمی | 26 |
| 15 | محمد کمال الدین شمیم | 27 |
| 16 | مشتاق انجم | 28 |
| 17 | عاصم شہنواز شبلی | 29 |
| 18 | ضمیر یوسف | 30 |
| 19 | محمود راہی | 31 |
| 20 | فراغ روہوی | 32 |
| 21 | نسیم عزیزی | 33 |
| 22 | عقیل احمد عقیل | 34 |
| 23 | ارشاد آرزو | 35 |
| 24 | احمد کمال حشمی | 36 |
| 25 | امان اللہ ساغر | 37 |
| 26 | اسماعیل پرواز | 38 |
| 27 | نصرت عتیق گورکھپوری | 39 |
| 28 | فصیح احمد ساحر | 40 |
| 29 | مشتاق ہاشمی | 41 |
| 30 | اشرف علی اشرف | 42 |
| 31 | علیم الدین علیم | 43 |
| 32 | ذکی طارق بارہ بنکوی | 44 |
| 33 | معراج احمد معراج | 45 |
| 34 | حشمت کمال پاشا | 46 |
| 35 | شمس افتخاری | 47 |
| 36 | محسن باعشن حسرت | 48 |
| 37 | الف انصاری | 49 |
| 38 | جمیل حیدر شاد | 50 |
| 39 | اشک آروی | 51 |
| 40 | شاہد فروغی | 52 |
| 41 | ہمدم نعمانی | 53 |





| شمار نمبر | شعرائے کرام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 42 | مجسم ہاشمی | 54 |
| 43 | فیروز مرزا | 55 |
| 44 | فہیم انور | 56 |
| 45 | فیاض انور چاپدانوی | 57 |
| 46 | مولانا محمد قاسم علوی | 58 |
| 47 | عبرت شکیل | 59 |
| 48 | محمد افضل خان | 60 |
| 49 | عبدالسبحان ندوی | 61 |
| 50 | وفا صدیقی | 62 |
| 51 | مبارک سلیم | 63 |
| 52 | نم اعظمی | 64 |
| 53 | ضیاءالرحمان ضیاء | 65 |
| 54 | سردار صارم | 66 |
| 55 | زماں قاسمی | 67 |
| 56 | انیس عظیم آبادی | 68 |
| 57 | انجم باروی | 69 |
| 58 | ایم۔نصراللہ نصر | 70 |
| 59 | وقیع منظر | 71 |
| 60 | اسرار آصف | 72 |
| 61 | ظہیر سکندرپوری | 73 |
| 62 | مظہر افتخاری | 74 |
| 63 | وکیل انور چاپدانوی | 75 |
| 64 | زین الحق خاں آزاد | 76 |
| 65 | شاہجہاں محیط | 77 |
| 66 | محمد احسان مخلص | 78 |
| 67 | ابوالکلام نامی | 79 |
| 68 | ارم انصاری | 80 |
| 69 | تنویر صہبائی | 81 |
| 70 | عرفان ظہیر | 82 |
| 71 | رئیس اعظم حیدری | 83 |
| 72 | جہانگیر یاور | 84 |
| 73 | روشن ضمیر | 85 |
| 74 | شفیق الدین شایاں | 86 |
| 75 | سراج الدین نیئر | 87 |
| 76 | طالب صدیقی | 88 |
| 77 | شہباز نسیم | 89 |
| 78 | محمد امین عامر | 90 |
| 79 | ملّا جان | 91 |
| 80 | نسیم فائق | 92 |
| 81 | شاہد نور | 93 |
| 82 | حافظ امان اللہ خاں | 94 |
| 83 | شگفتہ طلعت سیما | 95 |
| 44 | کوثر پروین کوثر | 96 |
| 85 | نغمہ نور | 97 |

| | | |
|---|---|---|
| 86 | پرویز عالم قاسمی | 98 |
| 87 | شفیق اورنگ آبادی | 99 |
| 88 | نظیر راہی | 100 |
| 89 | سکندر علی منیر | 101 |
| 90 | راہی ضیائی | 102 |
| 91 | نگار سلطانہ | 103 |
| 92 | اختر رانچوی | 104 |
| 93 | عاصم صابری | 105 |
| 94 | یوسف اختر | 106 |
| 95 | یونس سلطانپوری | 107 |
| 96 | شمیم ساگر | 108 |
| 97 | اشفاق احمد اشفاق | 109 |
| 98 | ارشاد مظہری | 110 |
| 99 | ہری کنور رائے کنور | 111 |
| 100 | منظر ریونڈھوی | 112 |
| 101 | شکیل انور | 113 |
| 102 | سلامی کیفی | 114 |
| 103 | اگم شرما | 115 |
| 104 | ہما فرحت | 116 |
| 105 | رہبر چندن پٹوی | 117 |
| 106 | خون چندن پٹوی | 118 |
| 107 | منظور عادل | 119 |
| 108 | اکرام آزر | 120 |
| 109 | آتش رضا شیخپوروی | 121 |
| 110 | اکبر رضا عنبر | 122 |
| 111 | غلام سرور ہاشمی | 123 |
| 112 | سید ترشید علی القادری | 124 |
| 113 | ارشد دیوان برہمپوری | 125 |
| 114 | فوزیہ اختر ازکیٰ | 126 |
| 115 | مشتاق دربھنگوی | 127 |
| 116 | جمیل منظر | 128 |
| 117 | رہبر حمیدی | 128 |
| 118 | ظفر علی ظفر | 129 |
| 119 | نور بھارتی | 129 |
| 120 | یونس آرزو | 130 |
| 121 | محمد اسلم مرشدآبادی | 130 |
| 122 | شاکر ندیم | 131 |
| 123 | خلیق الرحمان خالق | 131 |
| 124 | فیروز اختر | 132 |
| 125 | سلیم سرفراز | 132 |
| 126 | سلطان ساحر | 133 |
| 127 | اختر بارکپوری | 133 |
| 128 | شوخ لطیفی | 134 |
| 129 | سید وثیق الارشاد ضیغم | 134 |





| | | |
|---|---|---|
| 130 | وجیہہ الدین جمال | 135 |
| 131 | مرتضٰی حسین مضطر | 135 |
| 132 | معشوق انجم | 136 |
| 133 | اشتیاق احمد اشتیاق | 136 |
| 134 | شکیل گونڈوی | 137 |
| 135 | نور محمد عاجز | 137 |
| 136 | رفیق انجم | 138 |
| 137 | سعید آزر | 138 |
| 138 | شمیم اختر | 139 |
| 139 | فاروق اعظم انصاری | 139 |
| 140 | مکرم علی نادم | 140 |
| 141 | محمود مجیدی | 140 |
| 142 | منشی محمد حسین آزاد | 141 |
| 143 | نسیم حبیبی | 141 |
| 144 | منظر صدیقی | 142 |
| 145 | منور عالم راہی | 142 |
| 146 | ممتاز اثر | 143 |
| 147 | ریاض آرزو | 143 |
| 148 | نادرہ ناز | 144 |
| 149 | سعدیہ صدف | 144 |
| 150 | مسعود نہال | 145 |
| 151 | عبدالحمید | 145 |
| 152 | شگفتہ آفرین | 146 |
| 153 | عطیہ حسین خان | 146 |
| 154 | زیڈ۔این۔بانو | 147 |
| 155 | وددو عالم آفاقی | 147 |
| 156 | نور اقبال | 148 |
| 157 | ریشما ممتاز | 148 |
| 158 | شکیل احمد کنگ | 149 |
| 159 | سید عبدالحمید حسینی | 149 |
| 160 | یونس پرویز | 150 |
| 161 | سلام کیفی | 150 |
| 162 | تاج الدین اشعر | 150 |
| 163 | ماہر القادری | 151 |
| 164 | راشد اللہ خاں جوہر | 151 |
| 165 | حافظ دھام پوری | 151 |
| 166 | مظہر الدین مظہر | 152 |
| 167 | ثمر شمس رامپوری | 152 |
| 168 | محمد شہود الحق روشن | 152 |
| 169 | منظور علی عاقب | 153 |
| 170 | قمر مرادآبادی | 153 |
| 171 | اقتدار افسر | 153 |
| 172 | متین قریشی | 154 |
| 173 | محمد فاروق | 154 |
| 162 | شفق طاہری | 154 |

# لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خودی ہے تیغ ، فساں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہ دور اپنے براہیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کیا ہے تونے متاعِ غرور کا سودا
فریبِ سود و زیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند
بتانِ وہم و گماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زنّاری
نہ ہے زمان و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہ نغمہ فصلِ گل و لالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اگرچہ بُت ہیں جماعت کی آستینوں میں
ہمیں ہے حکمِ اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**علامہ اقبال**



# لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

طرازِ لوح و قلم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فروغِ حسنِ رقم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ریاضِ عالمِ توحید کلمۂ طیّب
بہارِ باغِ ارم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نہیں ہے اس کے سوا آیتِ شفا کوئی
دوائے درد و الم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مدام پڑھتے ہیں تہلیل تحتِ عرشِ عظیم
مسیحانِ قدم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہے اُسکے چشمۂ رحمت سے اک جہاں سیراب
ہے عام اُس کا کرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وہی ہے بتکدہ و کعبہ و کلیسا میں
اُسی کا دیر و حرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

گدا و شاہ کا اے قوسؔ راہِ مولیٰ میں
سرِ نیاز ہے خم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**قوس حمزہ پوری (مرحوم)**

## لااِلٰہ اِلّا اللّٰہ

ہے گرچہ وردِ زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
کہاں ہم اور کہاں؟ لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

خدا کرے کہ اُتر جائے خلوتِ دل میں
بہشت گوش اذاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

ہزار سجدۂ بے ذوق سعیٔ لا حاصل
نہ ہو جو دل کی زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

مکاں یہ اُس کا ہے کہتے ہیں لامکاں جس کو
ہے بے نشاں کا نشاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

جمالِ وحدتِ حق کا سدا بہار چمن
نہیں ہے اُس کو خزاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

مثالِ جسم اگر ہے عقیدۂ توحید
ہے اُس کی شہ رگِ جاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

بخواں ببانگِ دُہل ناوک آیۂ تہلیل
بہ مجمعِ صنماں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**ناوک حمزہ پوری (گیا، بہار)**
Mob:9973046607



نمازِ دل کا وضو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
قبائے جاں کا رفو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
حجاب بندہ و آقا کے درمیاں کا اُٹھا
مئے خودی کا سبو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

متاعِ فکر و نظر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نمودِ نورِ سحر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
مصافِ زیست میں ہر گام پر بہ فیضِ عشق
نشانِ فتح و ظفر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**علقمہ شبلی**
89/5, Ripon Street
Shibli House, Kolkata-700016
Mob. 9831156932

کوئی بھی عذر نہیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جھکے گی میری جبیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
گماں ہے اُس کے لئے، جس کا دل نہیں روشن
مرے لئے ہے یقیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یقیں کرو نہ کرو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پیامِ دیں ہے سنو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
منافقت کی نہیں اِس میں کوئی گنجائش
کہو تو دل سے کہو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**قیصر شمیم**
**10, Hem Ghosh Lane**
**Shibpur, Howrah-711102**
**Mob:9330924089**



کشودِ کارِ جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے زخمِ زیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
امام و قبلہ کا محتاج عشق ہے بھی نہیں
نمازِ دل کی اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

فروغِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ قلب و زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پھر اُس کے بعد ہے سرِّ جمالِ اصل کی حد
شکستِ وہم و گماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عبد المنان طرزی**
**Mah: Faizullah Khan**
**Laheria Sarai, Darbhanga (Bihar)**
**Mob: 9431085811**

کہوں میں صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے دل میں بسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے دنیا مری اور عاقبت بھی وہی
وہی ہے میری صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اُسی کے دم سے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
امینِ امن و اماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو وقتِ نزع تو احسؔن یہی تمنا ہے
ہو میرے لب سے رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**احسن مفتاحی**
**11/A/11A, P.K.Das Lane**
**Rishra, Hoogly, West Bengal**
**Mob: 9830126311**



یہی ہے اپنا یقیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جھکے نہ کیوں یہ جبیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اُسی کے فیض سے حاصل متاعِ علم و ہنر
نہیں ہے کوئی نہیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اُسی کو سجدہ روا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں ہے اُس کے سوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے قادرِ مطلق وہی ہے ربِّ کریم
وہی ہے سب سے بڑا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**انجم عظیم آبادی**
**13, Parfulla Sarkar Street**
**kolkata-700072**
**Mob:9674430727**

ازل سے تا بہ ابد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
محد سے تا بہ لحد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بنامِ نامۂ اعمال پیش کرنے کو
ہے مومنوں کی سند لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہے مشرکوں کا قلق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے مومنوں کا سبق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے سہل ایسا کہ کچھ اِس سے بڑھ کے سہل نہیں
ادق ہے سب سے ادق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**احمد رئیس**
**14, Bolaidut Street**
**Kolkata-700073**
**Mob:9330867338**



ردائے لطف و کرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے درد و الم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
چلو تو چلتے رہو اور دل سے کہتے رہو
بسوئے ارضِ حرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مؤذنوں کی اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
صداقتوں کا بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سلیقہ آئے گا دل کو ترے دھڑکنے کا
اگر پڑھے گی زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**حبیب ہاشمی**
**464, G.T. Road,**
**Howrah-711102 (West Bengal)**
**Mob:9433588711**

مرے لبوں پہ رواں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہے میرے دل کی زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
مرے یقین کی منزل ، مرے عمل کی راہ
بغیرِ وہم و گماں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

پڑھوں میں کلمۂ رب لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
بہ احترام و ادب لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
کرے گا یہ مرے ایماں تو تازہ اے صابرؔ
بنے جو زینتِ لب لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**حلیم صابرؔ**
**2, Chamru Singh Lane**
**Kolkata-700011**
**Mob:9748772983**



یہ مہر و مہ ، یہ کرن لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
پکارتا ہے گگن لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
یہ پھول ، غنچے ، یہ کلیاں ثنا میں ہیں مصروف
صدائے اہلِ چمن لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

علوئے فکر و نظر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نظامِ شام و سحر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
خدا کے سامنے اظہارِ بندگی کے لئے
پڑھے ہر ایک بشر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**شبیر ابروی**
**1/7A/12, J.K.Ghosh Road**
**Belgachhia, Kolkata-700037**
**Mob:9831234527**

نوائے حمد کی جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ربوبیت کی زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہوا ہے اور نہ ہوگا کبھی کہیں روشن
ہے کنزِ سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کہاں پہ لے گئے تجھ کو یہ چاہنے والے
کبھی تھی دیں کی رمق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ جانے قوم یہ کب ہوگی ایک رستے پر
ہنوز وجہِ قلق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نیئر اعظمی**
2B, Kimbar Street,
2nd Floor, Kolkata-700017
Mob:9830764414



ظہور سے ہے عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
غیوب میں بھی نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے ذرّہ ذرّہ شہادت اسی حقیقت کی
محیطِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

شعورِ ذاتِ انا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وجودِ حق کی نوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فنا ہے خلد کی تقدیر اے نظر والو
صدائے وجدِ بقا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ابوذر ہاشمی**
Flat No.103, Central Govt. Quarters,
Type-4, Belvdre, Alipore, Kolkata-27
Mob:9330057962

سکونِ قلب و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے جس میں ایسا اثر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جو آرزو ہو ملے تجھ کو آخرت میں نجات
ہو لب پہ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہر ایک دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک جس پہ فدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ ایک کلمہ ہے جس کی نہیں مثال کوئی
رہے زباں پہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**محمد کمال الدین شمیم**
**H.2-1-171, Chamkuri, Gali Haidar Chowk, Bedar, Karnataka**
**Mob:9900790518**



بشر جو دل سے کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
تمام عرش سنے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دعا یہ ہے کہ بجے جب قضا کا نقارہ
ہمارے لب پہ رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

بہت ہے خوب سبق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نشانِ جادۂ حق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اسی سے ملتی ہے انجم حرارتِ ایماں
ہے روئے دیں کی رمق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مشتاق انجم**
**11/2, Hem Ghosh Lane, Shibpur, Howrah-711102**
**Mob:9433591634**

رہِ طلب کا نشاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نوائے کر و بیاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نواحِ جاں میں اسی سے ہے روشنی کا رقص
سدا ہے وردِ زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

نسیمِ روح فزا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
شمیمِ بادِ صبا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہر ایک دل کی حرارت اِسی کا فیضاں ہے
ہر ایک لب کی صدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**عاصم شہنواز شبلی**
**Depatment of Urdu**
**Maulana Azad College, Kolkata-16**
**Mob:9831156932**



ضیائے طاقِ حرم لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
بِنائے دینِ اُمم لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
مجھے یقیں ہے کہ اک دن صنم کدے کے سبھی
پکار اُٹھیں گے صنم لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

ہے دینِ حق کی ضیا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نہیں کچھ اِس کے سوا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
اُسی کو دونوں جہاں کی فلاح حاصل ہے
ہے جس کے لب پہ سدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**ضمیر یوسف**
**376/2, H.C.Road, Plot No.54,**
**B. Garden, Howrah-711103**
**Mob:8013123752**

دل و نظر کی طلب لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہے زندگی کا سبب لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
دعا یہی ہے خدایا نبیؐ کے صدقے میں
ہو وقتِ نزع بہ لب لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

نوائے مرغِ چمن لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
صدائے گنگ و جمن لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
جو بات سچ ہے بہ بانگِ دُہل کہو راہیؔ
نجاتِ اہلِ وطن لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**محمود راہی**
**9, West Row (Park Circus Market)**
**Kolkata-700017**
**Mob:9038229498**



ازل سے تا بہ ابد لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ضیائے شرح اُحد لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
بغیر اِس کے تو ممکن نہیں نجات فراغؔ
ہے بندگی کی سند لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

بِنائے دیں ہے اگر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہو لب پہ شام و سحر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
کروں جہاں سے میں رحلت تو میرے ساتھ رہے
بس ایک زادِ سفر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**فراغ روہوی**
**67, Maulana Shaukat Ali Street,**
**Kolkata-700073**
**Mob:7980375796**

کتابِ دل کا ورق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
زباں پہ کلمۂ حق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نگاہ و روح منور بفضلِ ربِّ کریم
مثالِ صبحِ شفق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

سروشِ عرشِ بریں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
صداقتوں کا امیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
اسی کا پرتوِ مسعود کائنات میں ہے
متاعِ دنیا و دیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**نسیم عزیزی**
**172, G.T.Road (South)**
**Howrah-711102 (West Bengal)**
**Mob:8777329145**



پیامِ شاہِ اُمم لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ لوح و قلم لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کروگے ورد کی کثرت ملے گی غم سے نجات
دوائے درد و الم لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

پیامِ صدق و صدق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نجاتِ فکر و قلق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے اُس معلّمِ کونین کا جہاں شیدا
پڑھایا جس نے سبق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**عقیل احمد عقیل**
**3/H/1, Gora Chand Lane**
**Kolkata-700014**
**Mob:9831914741**

بیانِ صدق و صفا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
یہی ہے حق کی صدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
اسی کلید سے کھلتے ہیں بابِ راز و نیاز
پڑھو تو دل سے ذرا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

رہے گا وردِ زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
کہ ہے یہ دل کا بیاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
صدا یہی تو نکلتی ہے ہر بُنِ مُو سے
وجود میں ہے نہاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**ارشاد آرزو**
**1, Dr. Suresh Sarkar Road**
**Kolkata-700016**
**Mob:9681575052**



مرے قلم نے لکھا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
مری زباں نے پڑھا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
تمام عمر رہے سلسلہ یہی جاری
لکھوں پڑھوں میں سدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

تمہیں اِسی سے ملے گا سکونِ قلب و جگر
پڑھو تو پڑھتے رہو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
فقط زبان سے کہنے سے کچھ نہیں ہوگا
کمالؔ دل سے کہو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**احمد کمال حشمی**
**H/28/1, B.L.No.2, Naya Bazar,**
**Kankinara, 24 Pgn. (West Bengal)**
**Mob:9433145485**

ضیائے حسنِ ازل لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
چراغِ راہِ عمل لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اِسی سے گرمیٔ نبضِ حیات قائم ہے
نشانِ فخرِ ملل لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کمالِ فکرِ رسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فروغِ لفظ و نوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
تجلیات کا منبع بنائے کون و مکاں
شعورِ حق کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**امان اللہ ساغر**
R50/1, Karbala Lane
Matiaburj, Kolkata-700027
Mob:7003054196



سکونِ قلب و جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہماری فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں خدا کے سوا کوئی قادرِ مطلق
ازل سے ہے یہ خبر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہمیشہ یاد رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں بھی ورد کرے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ضرور دل کو ملے گا سکون اے پرواز
بِنا عمل کی بنے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اسماعیل پرواز**
242, Belilious Road
Howrah-711101 (West Bengal)
Mob:7044963390

ہے میرے دل میں مکیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سجی ہے دل کی زمیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بوقتِ نزع پڑھوں بس یہی تمنا ہے
جھکا کے دل کی جبیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہے کامیاب زماں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
اگر ہے وردِ زباں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سوال تھا کہ متاعِ سفر ہے تیرے ساتھ؟
جواب ہے مرا ہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**نصرت عتیق گورکھپوری**
**Arshad Ahmad, 1012/A, Azmi Manzil,**
**Turukmanpur, Gorakhpur-273001 (U.P)**
**Mob:7408355392**



سبھی لبوں پہ رواں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے اہلِ دل کی زباں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نزولِ رحمتِ حق ہوتا ہے وہاں ساؔحر
سدا ہو ذکر جہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

کہوں میں صبح و مسا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
فقط ہو دل کی صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بہشت والوں کا ساؔحر نہ کیوں وظیفہ ہو
ہے روحِ حمد و ثنا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**فصیح احمد ساحرؔ**
**71, A.P.C.Road**
**Kolkata-700009**
**Mob:9748193053**

ہر ایک دل یہ کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شجر حجر بھی پڑھے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بوقتِ نزع ہے مشتاقؔ آرزو میری
لبوں پہ میرے رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

صدائے عزمِ جنوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے حالِ زبوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سبب بنے گا یقیناً نجات کا مشتاقؔ
ہے جس کا جذبِ دروں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مشتاق ہاشمی**
158B, Karaya Road
Kolkata-700017
Mob:9331523512



کلیدِ علم و ہنر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ قلب و جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
حقیقتوں کو دیا جس نے کائنات کا رنگ
بقائے فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وقارِ صوت و صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فلک سے آئی ندا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پناہ رب کی ملے جس سے ہر مسلماں کو
کروں زباں سے ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اشرف علی اشرف**
25, P.M.Basti, 3rd Lane
Shibpur, Howrah-711102
Mob:3326389317

فلک نے جب دی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رسول نے بھی کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
علیمؔ رب کے سوا جب کوئی نہیں معبود
پڑھوں میں کیوں نہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہو کیوں نہ وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ثنائے رب ہے میاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رقم تو کرلو ذرا قطعۂ عقیدۂ دل
پڑھے گا سارا جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**علیم الدین علیمؔ**
**P-69, 2nd Floor, Madiali Road**
**Garden Reach, Kolkata-700024**
**Mob:8697353630**



بصد خلوص و ادب لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہیں رٹتے رہتے بہ لب لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جھکائیں کیسے کسی اور در پہ اپنی جبیں
سمایا دل میں ہے جب لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

بے سر و سامانی کا ساماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دنیا کے ہر درد کا درماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ناممکن کا دوستو امکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
میرا یقیں ہے میرا ہے ایماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ذکی طارق بارہ بنکوی**
**Saadat Ganj,**
**Barahbanki (U.P)**
**Mob:7007368108**

نہ بھولوں کلمۂ حق لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
رٹوں برنگِ سبق لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
میں آنکھیں بند کروں تو کھلے کتابِ دل
پڑھوں ورق بہ ورق لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

دوائے دردِ جگر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
بہت سریع الاثر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
کبھی نہ سایۂ آفات سر پہ آئے گا
رہے زباں پہ اگر لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**معراج احمد معراج**
**Nichugram, Kulti,**
**Burdwan (W.B)**
**Mob:8918960724**



غم و الم کی دوا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہے کیمیا بہ خدا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
پڑھوں پڑھاؤں نہالوں کو اپنے اے پاشا
نجات کی ہے بِنا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

جو مدرسہ میں پڑھا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہے ذہن و دل میں بسا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہمیں ہمارے معلّم نے یہ سکھایا ہے
رہے لبوں پہ سدا لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**حشمت کمال پاشا**
**B-119, Nawab Wajid Ali Shah Road,**
**Garden Reach, Kolkata-700024**
**Mob:9804228315**

قوی ہے مجھ کو یقیں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
اسی سے زیست حسیں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
کبھی میں مرتکبِ شرک ہو نہیں سکتا
ازل سے دل میں نشیں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

یہی بِنائے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
نہیں کچھ اِس میں گماں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
اگر ہے ہونا تجھے کامراں زمانے میں
سدا ہو وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

**شمس افتخاری**
**64, P.M.Basti, 3rd Lane**
**Shibpur, Howrah-700002**
**Mob:9836111760**



ہمارے دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
یہی سبھوں نے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
بڑا نہیں ہے کوئی دو جہان میں اُس سے
ہے لوحِ دل پہ لکھا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

فلک سے آئی ندا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
زمیں پہ شور ہوا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
نہیں ہے جن کی زباں اور زبان والے بھی
سبھی نے خود ہی پڑھا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

**محسن باعشن حسرت**
**4, Princep Street, 1st Floor**
**Kolkata-700072**
**Mob:9875538455**

زبان و دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو کیوں نہ ردِ بلا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں وظیفہ کوئی اِس سے بڑھ کے دنیا میں
ہر اک مرض کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

رہے زباں پہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے دینِ حق کی بِنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہزار کوششیں کرلو مٹا نہ پاؤ گے
ہے لوحِ دل پہ لکھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**الف انصاری**
1-24A, Qasab Para,
Wajid Ali Shah Road, Kolkata-700024
Mob:9163656234



ہے تجھ سے شام وسحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے کو خبر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ تو عظیم ہے تیرا وجود لافانی
ہیں فانی شمس و قمر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

تری ہے ذات عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہوا ہے اذنِ اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بس اک اشارے میں کیا کچھ نہیں کیا پیدا
رموزِ سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**جمیل حیدر شاد**
11/1/H/7, Harsi Street,
Rajabazar, Kolkata-700009
Mob:9007694739

اُسی کے دونوں جہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کوئی ہے اور کہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے کس زباں کو یہ تاب اُس کی حمد کرے
یہی ہے حقِ بیاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

صدائے دیدہ وراں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے سے عیاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک سمت تو جلوے اُسی کے بکھرے ہیں
نہ کیوں ہو وردِ زباں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**اشک آروی**
**4/1, J.K.Ghosh Lane,**
**Belgachhia**
**Kolkata-700037**



لبوں پہ رہنے لگا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سکون دل کو ملا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ترے کرم کا طلب گار میں رہا ہردم
یہی ہے جینا مرا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

حسین دنیا بنی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
دلہن کی جیسی سجی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک ذرّے میں تیرا ہی نور ہے یارب
فلک پہ دھوم مچی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**شاھد فروغی**
**107/2, Munshi Noor Md. Lane**
**Howrah-711101**
**Mob:7278863805**

وہ نورِ صبحِ ازل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کھلائے دل کا کنول لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
یہی نجات کا توشہ ہے دافعِ شر بھی
ہے سب سے نیک عمل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

صدائے حور و ملک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
وہ باغِ گل کی مہک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
اُسی کے جلوۂ قدرت کے سارے نظارے
زمیں سے تا بہ فلک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**ہمدم نعمانی**
**2, Anwar Bagan, Kamarhatti**
**Kolkata-700058**
**Mob:9333513935**



ہر اک سوال کا حل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے بہترین عمل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
تو چاہتا ہے کہ دل کی مراد بر آئے
تو گھر سے پڑھ کے نکل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

زبانِ دل سے کہو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہمیشہ ورد کرو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
تمام غم کا مداوا اسی کلام میں ہے
بصد خلوص پڑھو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**مجسم ہاشمی**
**4/1, K.B.2ne Lane, Narkeldanga,**
**Kolkata-700011**
**Mob:6291294440**

بنامِ صبحِ ازل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بنام دشت و جبل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
مقام جو بھی ہو، یہ عشق کا تقاضہ ہے
کہو ببانگِ دُہل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

بنائے کون و مکاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہمارے عشق کی جاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے تو بھی بندۂ مومن تو رزم گاہ میں آ
پکار حق کی اذاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**فیروز مرزا**
**61, Jola Para Masjid Lane,**
**Tikia Para, Howrah-711101**
**Mob:9831670534**



شجاعتوں کا جہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
صداقتوں کی زباں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
یہ راہِ حق ہے یقیناً فہیمؔ اس میں تو
نہیں کوئی بھی زیاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

قلندروں کی ادا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے صوفیوں کی نوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
مری دعا یہ ہے مولیٰ کہ میں دمِ آخر
پڑھوں میں کلمہ ترا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**فہیم انور**
**11, seal Basti, 2nd bye Lane,**
**Shibpur, Howrah-711102**
**Mob:9339258895**

رہے گا وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ ہے کلیدِ جناں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نجاتِ نارِ جہنم ہے اِس میں پوشیدہ
پڑھے تمام جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

فلک سے آئی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زمین نے بھی کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اذان جب کسی مسجد سے سربلند ہوئی
فضا میں گونجی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**فیاض انور چاپدانوی**
**2, Dr. Noori Lane,**
**Chapdani, Hoogly (W.B)**
**Mob:8848885320**



نہاں میں بھی ہے عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
عیاں میں بھی ہے نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اسی سے ہستیٔ عالم ، یہی ہے وجہِ نمود
بِنائے کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مئے وفا کا نشہ لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خمارِ جامِ ولا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اسی سے بزمِ محبت سرور آور ہے
دل و نظر کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مولانا محمد قاسم علوی**
**Khateeb-o-Imam Lal Masjid**
**Matiaburj, Kolkata-700024**
**Mob:9830278692**

ہمیں ہے حکمِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
نبیؐ نے درس دیا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
فقط نماز و اذاں ہی میں کیوں پڑھا جائے
کہیں گے صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

قرآن میں ہے بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
عبادتوں کی ہے جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
مقامِ امن ہو یا شورشِ زمانہ ہو
رہے گا وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

**عبرت شکیل**
**46/H/7, Gora Chand Road,**
**Kolkata-700014**
**Mob:9330992577**



تری زبان کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
دوائے درد بنے لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
ہمیشہ رحمتیں افضؔل خدا کی ہوں تجھ پر
زمانہ تجھ سے پڑھے لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

امیر ہو کہ گدا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
ہو سب کے لب پہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ
کہو خلوص و عقیدت سے تم بھی اے افضؔل
کہ ہر طرف ہے صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللہ

**محمد افضل خان**
**76/4, Sri Nath Poral Lane,**
**Belilious Road, Howrah-711101**
**Mob:9231615201**

بِنائے امن و اماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سرورِ قلبِ تپاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی وہ کلمہ ہے جو ہے ہر اک مرض کا علاج
ہو کیوں نہ وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

متاعِ اہلِ نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دعائے شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ قلبِ بشر کیوں نہ اِس سے ہو حاصل
نشانِ راہِ ظفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عبدالسبحان ندوی**
13/3, Pemental Street,
Kolkata-700016
Mob:9831452849



کتابِ دیں میں پڑھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر اک نبی نے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جہاں میں اولیاء تشریف جتنے لے آئے
سبق یہ سب نے دیا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

خیال میں بھی رکھو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہمیشہ ورد کرو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فقط زباں سے ہی کہنے سے حق نہ ہوگا ادا
کہو تو دل سے کہو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**وفا صدیقی**
33, P.M.Basti, 3rd Lane,
Shibpur, Howrah-711102
Mob:033-26502312

عبادتوں کا صلہ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ دل بخدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک لمحہ مبارکؔ بس اتنا یاد رہے
لبوں سے نکلے صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

فضا میں گونجی صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
رواں زباں پہ ہوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
جو چاہتے ہو کہ امن و سکون قائم ہو
ہو لب پہ ورد سدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**مبارک سلیم**
**Q281, Mudially Road,**
**Garden Reach, Kolkata-700024**
**Mob:033-24891499**



خدا کی حمد و ثنا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
عبادتوں کی بقا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
عدم سے گونج رہی ہے جو میرے کانوں میں
سدا سے تا بہ سدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

کرم نواز خدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے سب سے بڑا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
اُسی کی ذات کا آئینہ ہے مری دنیا
مرا وجود ہے کیا ، لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**نمؔ اعظمی**
**13, Sanp Gachhi, 1st Lane,**
**Kolkata-700039**
**Mob:9007713105**

تو ہی ہے دل میں نہاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
کروں میں ورد و بیاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
نہیں ہے اِس سے الگ کوئی بھی زمانے میں
"خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ"

حصولِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
یہی ہے صدقِ زباں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہوا ہے کشف بہت دیر میں مگر سچ ہے
"خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ"

**ضیاء الرحمٰن ضیاؔ**
Jahangiri Mohalla, Railpar,
Asansol-713302 (W.B)
Mob:9333749041



دوائے تشنہ لبی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
علاجِ تیرہ شبی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
اسی وظیفے سے الحاد کا مداوا بھی
ہے اوجِ بوالعجبی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

ہے درسِ صبر و رضا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہے بحرِ جود و سخا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہر ایک دور میں نمرودِ وقت سے صارمؔ
ہے بڑھ کے میں نے کہا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**سردار صارم**
Dumaria Mohalla,
Railpar, Asansol-713302 (W.B)
Mob:9933966109

صداقتوں کا نشاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مسرتوں کا جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یقین ہے کہ پلٹ آئے گا زمانہ پھر
رہے جو وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

صدائے بادِ سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ قلب و جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کلیسا چاند دکھائے کہ بخش دے سورج
زماں کی راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**زماں قاسمی**
**Flat No.B4, B.L.No.3, Kanki Nara,**
**North 24 Parganas (W.B)**
**Mob:033-25800125**



بِنائے قدر و قضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک غم کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مقام خلد میں اپنا بنا لیا اُس نے
کہ جس نے دل سے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

متاعِ لوح و قلم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
صراطِ ملکِ عدم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ از عرب تا عجم دیکھ انقلاب انیسؔ
ہے بر زبانِ صنم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**انیس عظیم آبادی**
**6/1, Aunt Bagan, Sishutalla Road,**
**Kolkata-700058**
**Mob:9903132866**

سبیلِ قربتِ رب لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کہو کہو بہ ادب لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
یقین ہو تو خدا کی قسم بشر کے لئے
نجات کا ہے سبب لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہے زیبِ عرشِ بریں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بنائے چرخ و زمیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
پڑھا کرو یہ ہر اک لمحہ دل سے اے انجمؔ
ہے اک وظیفہ حسیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**انجم باروی**
**1-92, Rameshwarpur Road,**
**Kolkata-700024**
**West Bengal**



مدام ذکرِ جلی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کہاں حروفِ خفی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہمیشہ گونج رہی ہے قلوبِ امت میں
صدائے قلبِ نبیؐ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

پیامِ دینِ نبیؐ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
صدا یہ سب نے سنی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ملی ہے جب سے یہ ایماں کی روشنی اے نصرؔ
ہے وردِ نیم شبی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**ایم ۔ نصر اللہ نصر**
**35, P.M.Basti, 3rd Lane,**
**Shibpur, Howrah-711102 (W.B)**
**Mob:9339976034**

رسولؐ در ہیں تو گھر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یقیں کی راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ اعتقاد کا راسخ وقیع منظر ہے
ہے دل پہ سر بمہر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

عروجِ نورِ سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
چراغِ راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے میری منزلِ مقصود بھی یہی منظؔر
یہی ہے میرا سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سید وقیع منظر**
**Shahjahan Manzil, 156- N.R.R.Road**
**Railpar, Asansol-713302 (W.B)**
**Mob:9332295160**



سجودِ عشق میں تھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
صدائے کرب و بلا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وجود اس کا طوافِ بتاں نہیں ہوتا
زباں پہ جس کے رہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اذانِ جن و بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ قلب و جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جو حکمِ سرورِ کونین ہو تو اے آصفؔ
کہیں گے شجر و حجر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اسرار آصف**
**35/2, Jolapara Masjid Lane,**
**Tikiapara, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9831004083**

دعائے شام و سحر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
دوائے دردِ جگر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نہ زادِ راہ کی خواہش نہ ہمسفر کی تلاش
رفیقِ راہِ سفر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

پڑھا رہا ہے خدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کریں زباں سے ادا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ظہیرؔ عقل و خرد کا یہی تقاضہ ہے
رہے لبوں پہ سدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**ظہیر سکندر پوری**
23, P.K.Das Lane,
Rishra, Hooghly (W.B)
Mob:9883363056



صدائے حور و ملک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
زمیں سے عرش تلک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شکل میں موجود ہے وہی مضطرؔ
ہے سب میں اُس کی جھلک لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہر ایک دل میں مکیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے اس کا سب کو یقیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نکل کے دیکھ ذرا پردۂ گماں سے تو
فلک سے تا بہ زمیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**مضطر افتخاری**
166/H/84, Keshab Chadra
Sen Street, Kolkata-700009
Mob:9433417042

زمیں تا عرش سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ضیائے شمس و قمر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ازل سے لوحِ مقدس پہ جو ہوئی تحریر
زبانِ جن و بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کرے جو ذکر سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پڑھے جو صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اُسے نہ ہوگی کبھی فکرِ گردشِ ایام
ہے جس کے دل میں بسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**وکیل انور چاپدانوی**
**23, S.M.Road,**
**Chapdani, Hoogly (W.B)**
**Mob:9339329028**



سدا ہے وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے ذہن و دل میں نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ دل بھی ہے، تسکینِ جانِ عالم ہے
اے کاش پڑھ لے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہے دردِ دل کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پڑھو ملے گی شفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نجات بھی ہے ملی اور مغفرت بھی ہوئی
ہے جس کسی نے پڑھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**زین الحق خاں آزاد**
**66, Kawez Ghat Road,**
**Shibpur, Howrah-711101**
**West Bengal**

زباں پر ہو اگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کرے گا دل پہ اثر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
محیطؔ آپ جو چاہیں نجات محشر میں
تو پڑھئے شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

پڑھو میں صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رہے زباں پہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ ہے دعا مرے مولیٰ کہ منہ سے نکلے مرے
جب آئے وقتِ قضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شاہ جہاں محیط**
**Park Circus**
**Kolkata-700017**
**(West Bengal)**



ہے بابِ علمِ اُفق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یقیں کا حسنِ شفق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نصیب کا تجھے اعلیٰ کہوں نہ کیوں مخلصؔ
ملا ہے تجھ کو سبق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

خرد کا زادِ سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یقین کا ہے ثمر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے اعلیٰ سبھوں میں وہی ہے پاکیزہ
ہے جس کے پیشِ نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**محمد احسان مخلص**
**36/H/7, D.C.Dey Road,**
**Kolkata-700015**
**Mob:9239021943**

بِنائے صدق و صفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وجودِ صبر و رضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
حسینؓ ابنِ علیؓ کا مقام کیا کہئے
شہیدِ راہِ وفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ازل سے جلوہ فگن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے میرے لب پہ سخن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مداوا درد کا میرے یہی تو ہے نامؔی
شفائے رنج و محن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ابوالکلام نامی**
**7C, G.J.Khan Road,**
**Kolkata-700039**
**Mob:9831041132**



پڑھے ہے جن و بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ازل سے آٹھوں پہر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے کلمۂ اوّل کی شکل میں بندے
متاعِ لعل و گہر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہی ہے رب کی ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دہن سے گونجے صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی وقار ترا زیست کی یہی تنویر
اصولِ زیست بنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ارم انصاری**
**2B/H/37, Gas Street, Raja Bazar**
**Kolkata-700009**
**Mob:8100226228**

پڑھوں تو پڑھتا رہوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سنوں تو سنتا رہوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ آئے فرق عقیدے میں اپنے اے تنوؔیر
کہوں تو کہتا رہوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اُسی کا دونوں جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بدل ہے اُس کا کہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہ ایک حسنِ ازل ہے نہاں ، جہاں تنوؔیر
مری نظر ہے وہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**تنویر صہبائی**
57, Sanp Gachhi, Topsia Road
Kolkata-700039
Mob:9883581190



دعائے شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے دردِ جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جہاں میں کاش نظارے بھی ایسے ہوں عرفاؔں
پڑھے ہر ایک بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

سدا رہے گا جواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نظر نظر میں عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
گریز کون کرے اُس خدا کی رحمت سے
جہاں میں ہے نہ کہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عرفان ظہیر**
17/2, Smith Lane,
Kolkata-700013
Mob:9831017921

اندھیرے دل کی ضیا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک جان فدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
وہ کامیاب ہوا جاں کنی کے عالم میں
زباں سے نکلی صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

نہ کیوں ہو وجہِ شفا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے ہر مرض کی دوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ قلب میسر ہمیشہ ہوگا رئیسؔ
کرو زباں سے ادا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**رئیس اعظم حیدری**
**4/B, K.B.2nd Lane,**
**Narkeldanga, Kolkata-700011**
**Mob:9883061480**



عمل میں سب سے حسیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نہ جس کا ثانی کہیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
تمام عمر یہ وردِ زباں رہے یاؔور
رہے یہ دل کے قریں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

کہے زبان مری لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
جو نکلے جان مری لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
کبھی بھی اِس سے میں غافل نہیں رہوں یارب
کہ ہے یہ شان مری لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**جہانگیر یاور**
**7/H/1/296, A.P.C.Road,**
**Rajabazar, Kolkata-7000**
**Mob:9330810715**

ہے قولِ ابنِ علیؑ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے عشقِ نبیؐ لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
سمجھ سکے کس و ناکس اسے ، نہیں ممکن
ہے یہ ، وہ رازِ خفی لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

عرب سے آئی صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
جہاں میں شور ہوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
چلی تو پنجۂ باطل مروڑ کر رکھ دی
وہی ہے گرم ہوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**روشن ضمیر**
**20/2, B.P.Road, BL-5, Jagtadal,**
**North 24 Parganas (W.B)**
**Mob:9163711047**



ہے زیبِ کون و مکاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے زندگی کا نشاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
رواں ہے لب پہ مرے رات دن یہی کلمہ
ہے میرے دل میں نہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

سکونِ قلب و نظر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
دعائے زود اثر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہزار مشکلیں ہوتی اسی سے ہیں آساں
رہے زباں پہ اگر لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**شفیق الدین شایاں**
**Adib Cloth Store,**
**296, A.P.C.Road, Kolkata-700009**
**Mob:9330558938**

نمودِ صبحِ ازل لا اِلٰہ اِلّا اللہ
سرورِ حسنِ عمل لا اِلٰہ اِلّا اللہ
سدا میں کیوں نہ رہوں مست ورد میں نیّرؔ
ہے جب وجود کا حل لا اِلٰہ اِلّا اللہ

ہے لفظِ کن میں نہاں لا اِلٰہ اِلّا اللہ
متاعِ حسنِ بیاں لا اِلٰہ اِلّا اللہ
نہاں نہاں ہے جو میرے وجود میں نیّرؔ
نفس نفس ہے عیاں لا اِلٰہ اِلّا اللہ

**سراج الدین نیئر**
**25/1, Topsia Road,**
**Kolkata-700039**
**Mob:9830018139**



ہے روئے دیں کی رمق لا اِلٰہ اِلّا اللہ
ہے آخرت کا سبق لا اِلٰہ اِلّا اللہ
ازل سے گونج رہا ہے جو آج تک طالبؔ
ہے وہ طبق بہ طبق لا اِلٰہ اِلّا اللہ

صدائے ارض و سما لا اِلٰہ اِلّا اللہ
پڑھو برائے بقا لا اِلٰہ اِلّا اللہ
ہوئے ہیں دونوں جہاں میں وہ سرخرو طالبؔ
جنہوں نے ورد کیا لا اِلٰہ اِلّا اللہ

**طالب صدیقی**
**45, Rabindra Sarani,**
**Kolkata-700073**
**Mob:8674886922**

یہ کہہ رہی ہے زمیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
صدائے عرشِ بریں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
زمانہ اُس کے قدم کے تلے رہا شہبازؔ
ہے جس کے دل میں مکیں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

یہ کلمہ کس نے دیا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نبیؐ کے گھر سے ملا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک دل میں محبت ہے صرف دنیا سے
''کہاں سے آئے صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ''

**شہباز نسیم**
**18, Alam Mistry Lane,**
**Pilkhana, Howrah (W.B)**
**Mob:9883454267**



زباں سے تم جو کہو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
یقین دل سے کرو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
عمل سے اپنے شہادت دو دین و ایماں کی
خدا کے در پہ جھکو لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

زباں پہ حمد و ثنا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ثنائے ربِّ جہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
بوقتِ مرگ دعا گو خدا سے ہے عامرؔ
رہے یہ وردِ زباں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**محمد امین عامر**
**101, Pilkhana, 2nd Lane,**
**Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9875436305**

دُرِ احد کی لہک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
گُلِ صمد کی مہک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سرورِ روح ہے ہر اک سحر مسا کے لئے
دعائے حور و ملک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہے وردِ اسمِ صمد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے عکسِ روئے احد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کرو کرو ہمہ دم ورد اے مرے ہمدم
سرا ہے اور ہے حد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ملّا جان**
**G-23, Bangla Basti, Garden Reach Road, Kolkata-700024**
**Mob:9831677824**



جمالِ صحنِ حرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ لوح و قلم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خدا نے خود ہی کہا ہے کہ دو جہاں کے لئے
مثالِ ابرِ کرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نظامِ دیں کی بِنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سکونِ دل کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ربوبیت کی بلندی ہے اس سے بڑھ کر کیا
وہی ہے ایک خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نسیم فائق**
**170, Keshab Chandra Sen Street**
**Kolkata-700009**
**Mob:9123620415**

نوائے شمس و قمر لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
نظر اُٹھاؤں جدھر لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
تمام خلق کو شاہدؔ نجات مل جائے
سدا ہو لب پہ اگر لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ

صدائے ارض و سما لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے کی بقا لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
عیاں ہے جلوۂ کونین سے یہی شاہدؔ
خودی کا ورد سدا لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شاھد نور**
**3A/1, Kushtia Masjid Bari Lane,**
**3rd Floor, Kolkata-700039**
**Mob:9903595992**



تجھی سے عزم جواں لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
تو ہی ہے روح رواں لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
دبا سکے گا نہ کوئی ہماری باتوں کو
ہمارا زورِ بیاں لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہمیشہ دل میں رہے لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں ہمیشہ کہے لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ
خدا کی حمد کرو تم جہاں جہاں جاؤ
زمانہ سنتا رہے لا الٰہ اِلَّا اللّٰہ

**حافظ امان اللہ خان**
**22/1, Lnin sarani,**
**Kolkata-700013**
**Mob:9331404237**

نسیمِ روح فزا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شمیمِ قلب کشا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رہِ حیات میں ہر گام پر بہ ہر لمحہ
ہے میرے دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کلیدِ حمد و ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ثبوتِ صدق و صفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے میں ظہورِ ربوبیت سیّماؔ
یہی ہے حکمِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شگفتہ طلعت سیما**
**89/5, Shibli House,**
**Ripon Street, Kolkata-700016**
**Mob:9903119581**



شکستِ تیغ و تبر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مجاہدوں کی سپر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک معرکہ سر ہم نے کرلیا کوثرؔ
بِنائے فتح و ظفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مسافرت کا ہنر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
چراغِ راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے بانگِ درا اور یہی ہے منزلِ حق
یہی ہے رختِ سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**کوثر پروین کوثر**
**2B, Kimber Street, 2nd Floor**
**Kolkata-700017**
**Mob:9339784378**

خودی کا پہلا سبق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
ہے زندگی کی رمق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
خزاں کا دور کہ فصلِ بہار ہو نغمہ
ہو لب پہ نغمۂ حق لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہے نورِ صبحِ ازل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
نہیں ہے جس کا بدل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
رموزِ زیست کہ وہ فلسفہ حیات کا ہو
ہر اک سوال کا حل لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**نغمہ نور**
**3A/1, Kushtia Masjid Bari Lane,**
**3rd Floor, Kolkata-700039**
**Mob:9007869335**



ہے خوش گوار فضا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
دی کنکری نے صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
شجر، حجر ہوں، فرشتے ہوں کہ جن و بشر
زباں پہ سب کے رہا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

ہر ایک سو ہے فشاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
”خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ“
یہی ہے حسرتِ دل عالَمِ حزیں کی خدا
رہے جبیں پہ عیاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

**پرویز عالم قاسمی**
**Kulti, Bardwan,**
**West Bengal**
**Mob:9332180736**

اگر ہو وصف عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کرے گا ورد جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شفیقؔ کلمے کی طاقت سے ایک لمحے میں
مٹے گا زورِ بُتاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

بھلا دیا ہے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں کہیں بھی اماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شفیقؔ ساری خدائی چھپی ہے کلمے میں
کروں کیا وصف بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شفیق اورنگ آبادی**
**Vill: Jiwa Bigha, Post: Kataiya,**
**Aurangabad (Bihar)**
**Mob:9334921589**



ہے اصل عشقِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو لب پہ صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
عذابِ قبر سے مجھ کو بچائے گا اک دن
جو ہے وظیفہ مرا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

پڑھے جو دل سے اگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو لب پہ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بلند و بالا رہے گا ہمیشہ دنیا میں
کہے سدا جو بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نظیر راہی**
**4, Haran Bari Lane,**
**Kolkata-700073**
**Mob:9831951871**

ہر ایک دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خدا نے خود ہی کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بحکمِ مولیٰ بتایا نبیؐ نے ہے سب کو
جہاں ہے اُس پہ فدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کافرو تم بھی پڑھو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سچا کلمہ ہے سنو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سارا عالم جسے پڑھتا ہے شب و روز منیرؔ
پڑھ کے مومن تو بنو لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سکندر علی منیر**
**Q268, Diwan Bagan, Garden Reach Road, Kolkata-700024**
**Mob:9331734292**



قلم اٹھے تو لکھوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں کھلے تو کہوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دعا ہے راہیؔ ضیائی کی تجھ سے ربِّ کریم
کہ وقتِ مرگ پڑھوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ظہورِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نظامِ ہر دو جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خرد کے ساز پہ رکھ دو جنوں کا بارِ گراں
اٹھے گا شورِ اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**راہی ضیائی**
**Murulia, Purulia-723121**
**West Bengal**
**Mob:9749199787**

ہے شمعِ راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہدایتوں کا سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نگار دونوں جہاں میں وہ پائے گا عزت
پڑھے جو شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہیں لوگ پڑھتے سبھی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ ہے دعائے دلی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مجھے نگار کسی حادثے کا ڈر کیوں ہو
میں گھر سے پڑھ کے چلی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نگار سلطانہ**
**9F, Ripples, Merlin riverview,**
**15 Kabititha Sarani, Kolkata-700023**
**Mob:9432258878**



فلک سے آئی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ملائکہ نے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مری زبان مرے دل پہ ورد جاری ہو
کہ مرتے دم ہو ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

دلِ حزیں کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مریضِ غم کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ اک وظیفہ فرشتے بھی ورد کرتے ہیں
ہر ایک صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اختر رانچوی**
**Irshad Store, Phool Bagan Club,**
**Pathal Kudwa, Ranchi (Jharkhand)**
**Mob:7870849550**

کلی کلی کی چٹک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شبابِ گُل کی مہک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں ہے فکر مجھے تیرگیٔ تربت کی
مری جبیں کی دمک لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

ہر ایک شے میں نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے وجہِ امن و اماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ملے گا ذکرِ خدا کے سوا نہ دل کو سکوں
سرور و راحتِ جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عاصم صابری**
**Sanctoria,**
**Desar Garh, Bardwan,**
**(West Bengal)**



بنایا تونے جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وجودِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے تو ہی وحدہٗ تیرا شریک کوئی نہیں
ہر ایک شے سے عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نہ ذہن سے یہ مٹے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زبان و دل پہ رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو آخرت کے سفر کی جب ابتدا اخترؔ
مرے لبوں پہ رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**یوسف اختر**
**8, Patwa Para Lane,**
**Narkeldanga, Kolkata-700011**
**Mob:9331271504**

بِنائے عشق و یقیں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
جنوں کا رنگِ حسیں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
خودی کا راز چھپا ہے فنا میں ہی یونؔس
نجات کا ہے امیں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

بلند جس سے ہے سر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
یقیں دعا ہے اثر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
جو خود میں ڈوب گیا ہے وہ کامراں یونؔس
خودی صدف ہے گہر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**یونس سلطانپوری**
53/39A, Tiljala Road,
Kolkata-700046
Mob:9331203037



خودی کے جام و سبو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
پیئے جو کرکے وضو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ملے گی اُس کو زمانے میں رنج و غم سے نجات
ہے زخمِ دل کا رفو لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

نہیں سہارا کوئی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
فقط ہے دل میں تو ہی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
اسیرِ رنج و الم گر ہو دل ترا ساگؔر
پکار دل سے یہی لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**شمیم ساگر**
6/2/H/1, K.B.1st Lane,
Narkeldanga, Kolkata-700011
Mob:9903339135

گلوں کے ناز و ادا لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
ہے طائروں کی صدا لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
اُسی کے دم سے ہے رونق جہانِ ہستی میں
نفس نفس کی نوا لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

متاعِ لوح و قلم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
شفائے درد و الم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
اثر دکھائے گا اشفاؔق نعرۂ توحید
کہیں گے اہلِ صنم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**اشفاق احمد اشفاق**
59A/H/2, Shambhu Babu Lane,
Kolkata-700014
Mob:9836859777



دلوں میں نقش رہے لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
ہر ایک سانس کہے لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
تم اپنی ذات سے باہر نکل کے دیکھو تو
نفس نفس میں بہے لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

عبادتوں کا بھرم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
صدائے دیر و حرم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
نہیں ہے اس کے سوا کوئی معتبر ارشاؔد
پکارتا ہے قلم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**ارشاد مظہری**
25/1/2, Topsia Road,
Kolkata-700039
Mob:9903522104

اذاں کے ساتھ سنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
تو دل میں گونج اُٹھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے کی پرستش کی کیا ضرورت ہے
ہے سب کا ایک خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

کہا نبیؐ نے جونہی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زمیں پکار اُٹھی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک ذرّے کے لب پر یہی ترانہ تھا
حیات پڑھنے لگی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ہری کنور رائے کنور**
**29/10, Dayal Banerjee Road,**
**Shibpur, Howrah-711102**
**Mob:9874246813**



سرورِ حسنِ بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مرے یقیں کا نشاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے صبح و شام یہ تسبیح میں مری شامل
مری نماز و اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

متاعِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کلیدِ بابِ جناں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی تمنا ہے منظرؔ مری کہ موت کے وقت
ہو میرے لب پہ رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**منظر ریونڈھوی**
**Reorha, Jalley**
**Darbhanga (Bihar)**
**Mob:7488934453**

پکارے ارض و سما لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ ہے ثنائے خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پڑھا تھا حضرتِ آدمؑ نے جب یہی کلمہ
ہوئی قبول دعا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہی ہے رازِ بقا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کبھی نہ ہوگا فنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو اِس سے دل مرا غافل کبھی خدا نہ کرے
پڑھوں میں صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شکیل انور**
**Ajanta House Complex, Block-A2,**
**Chandmari Road, Howrah (W.B)**
**Mob:9830527687**



وہی ہے طرزِ سخن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے عظمتِ فن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک لفظ میں پوشیدہ لا شریک لہٗ
وہی ہے لطفِ دہن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

خدا کا حسنِ کرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ لوح و قلم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہمیں حضورؐ کے صدقے میں کیا نہیں ہے ملا
مقامِ جاہ و حشم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سلام کیفی**
**Madhepur**
**(Bihar)**

..................

فضا میں دور تلک لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
دِکھا رہا ہے جھلک لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
زمین پر ہی نہیں اِس کی جلوہ سامانی
کہ ہے بروئے فلک لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ

جھکا کے سر کو سبھی لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
پڑھیں گے آج ابھی لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
اِسی کے نور سے روشن ہیں دو جہان اگمؔ
نہ مٹ سکے گا کبھی لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ

**اگم شرما**
**4/A, C.N.Roy Road**
**Kolkata-700039**
**Mob:9830093509**



رہِ بہشت بنے لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
زباں بھی ورد کرے لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
خدا کرم بھی کرے گا اگر ہماؔ تیرے
عمل میں زندہ رہے لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ

نظر نظر سے عیاں لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
جگر میں برقِ تپاں لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ
ثبوت ہے یہ ہماؔ پختگئ ایماں کا
کہ ہو نفس کی زباں لا اِلٰہُ اِلَّا اللّٰہ

**ہما فرحت**
**36/13, Hara Chand Mukherjee**
**Lane, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9830164261**

ہے مصطفیٰؐ نے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہیں ہے کوئی خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جو اِس میں ہوگیا شامل اُسے پناہ ملی
کہ ہے یہ ایسا قلعہ لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

سنایا کلمۂ توحید جب محمدؐ نے
انا کا ٹوٹا بھرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ضیائے مہرِ دیں فاراں کی چوٹی سے پھیلی
عرب سے تا بہ عجم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**رہبر چندن پٹوی**
**Chandan Patti, Laheria Sarai,**
**Darbhanga-846002 (Bihar)**
**Mob:8538932696**



ہے میرے گھر کی فضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وظیفہ جب سے کیا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
غموں کی دھوپ میں بھی میرے دل کو دیتا ہے
مسرتوں کا مزا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

پیامِ کرب و بلا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے راہِ نجا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
حسینؓ ابنِ علیؓ نے لہو سے اصغرؓ کے
جبینِ حق پہ لکھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**خون چندن پٹوی**
**Chandan Patti, Laheria Sarai,**
**Darbhanga-846002 (Bihar)**
**Mob:8051462110**

بِنائے کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک شے سے عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے ابتدا بھی وہی اور انتہا بھی وہی
نہ کیوں ہو وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مریضِ غم کی شفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر اک مرض کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رحیم اور ہے رحمان کی صفت اُس کی
نہیں ہے دوجا سوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**منظور عادل**
**28B, Mcleod Street**
**Kolkata-700016**
**Mob:9831135672**



عروجِ لطف و کرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بقائے نورِ حرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فلک کے بام پہ کندہ پیامِ عرشِ بریں
زمیں کے دل پہ رقم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

بِنائے عظمتِ دیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نوائے عرشِ بریں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
تمام گوشۂ کون و مکاں میں پھیلی ہے
ضیائے شمعِ یقیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اکرام آزر**
**58B, Alimuddin Street,**
**Kolkata-700016**
**Mob:9836682396**

یہ کہہ رہا ہے خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
حسینؑ ہی سے بچا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
گلوئے شاہ پہ شمشیر چل رہی تھی مگر
لبِ حسینؑ پہ تھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

دینِ حق کی طاقت ہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ صدائے نصرت ہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یوں نہیں کٹایا سر شاہِ دیں نے سجدے میں
مقصدِ شہادت ہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**آتش رضا شیخ پوروی**
**63, 4th Floor (Vivek Nursing Home)**
**Pilkhana, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9433097322**



ہے سب کا مالکِ جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ کیوں ہو وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جھکی جبیں تو مچل کر یہ دل پکار اُٹھا
ہے ایک ربِّ جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

اذانِ اہلِ نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نظامِ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بتایا ذاتِ محمدؐ نے خلق کو عنبرؔ
خدا بہت ہیں مگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اکبر رضا عنبر**
**Chandan Patti, Laheria Sarai,**
**Darbhanga-846002 (Bihar)**
**Mob:8448427393**

فضائے چرخ میں فرشِ زمیں کے ذرّوں میں
نہاں ہے نور ترا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
طیور وقتِ سحر کرتے ہیں نشیمن میں
تری یہ حمد و ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

جو کائنات کی مخلوق کا ہے رکھوالا
وہی ہے سب کا خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دمِ اخیر بھی سرؔور کی یہ تمنا ہے
ادا ہو کلمہ ترا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**غلام سرور ہاشمی**
**Basdila Tola Murgian,**
**Gopal Ganj-841428 (Bihar)**
**Mob:9771119044**



ہوں جب سے ورد کناں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے عطر بیز زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بہ فیضِ شاہِ مدینہ و عترتِ احمدؐ
ہے نقش بر دل و جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

سوازِ وہم و گماں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے دردِ نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ زیست ہے اور زادِ آخرت ارشؔد
ہے عیشِ روح رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سید ترشید علی القادری**
**30 Abdul Halim Lane**
**Kolkata-700016**
**Mob:9433175213**

ہمیشہ کہتا رہوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ملے ہے مجھ کو سکوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ترا ہی نام فقط میرے دل کی دھڑکن ہے
میں تیرا کلمہ پڑھوں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مرا ہے پہلا سبق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
پکارتا ہوں میں حق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو پاک نفس مرا ، یہ دعا کرے ارشدؔ
پلٹ رہا ہوں ورق لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ارشد دیوان برہمپوری**
**Barhampur, Jale**
**Darbhanga (Bihar)**
**Mob:9264162866**



فلک سے آئی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے روشنی کا دِیا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ شمس اور قمر نے بھی کہہ دیا ازکیٰؔ
ہے تیرگی میں ضیا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

مریض کی ہے شفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
علاجِ کرب و بلا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کوئی نہیں ہے شریک اس کا اس حقیقت پر
دیا ہے سر کو جھکا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**فوزیہ اختر ازکیٰ**
**Khidderpur,**
**Kolkata-700023**
**Mob:9007345390**

شعور و فہم و خرد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مرے جنون کی حد لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بغیرِ وہم و گماں اِس پہ ہے مرا ایمان
ہے مغفرت کی سند لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نفس نفس کی نوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
حیات کی ہے ردا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ التجا ہے خدا سے کہ دے مجھے توفیق
پڑھوں بوقتِ قضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مشتاق دربھنگوی**
**AKHBAR MASHRIQ**
**12, Dargah Road, Kolkata-700017**
**Mob:8013089694**



ہے لب پہ میرے ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے رہ میں بانگِ درا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سنو سنو کہ چلی آ رہی ہے کانوں میں
سدائے کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**جمیل منظر**
**Nauras Urdu Ghar**
**14B, Royd Street, Kolkata-700016**
**Mob:9836210151**

نہیں ہے کچھ بھی سوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بگو بنامِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
غفور تو ہے گنہگار رہبرِ تنہا
نگاہِ عفو ذرا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**رہبر حمیدی**
**156, N.R.R.Road, Railpar**
**Asansol (West Bengal)**
**Mob:9332295160**

کریں بلند اذاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
قدم قدم ہو عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک گل سے تبسم بکھر رہا ہے ظفرؔ
ہے روز وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ظفر علی ظفر**
Urdu Darbar
Railpar, Asansol-713302 (W.B)
Mob:9932776167

جہاں ہے محوِ دعا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
سدا ہے اِس کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خدا کے جلوے ہیں اے نورؔ ذرّے ذرّے میں
ہے کون اس کے سوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نور بھارتی**
458 & 458/1, G.T.Road South
Shibpur, Howrah-711102
Mob:9748216658



مری روحانی غذا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے میرے دل میں سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے آرزو میری کہ روح جب نکلے
ہو میرے دل سے ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**یونس آرزو**
96/H/24, Kashipur Road,
Kolkata-700002
Mob:8013346603

تلاشِ فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں پہ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی پیام سنانے کو انبیاء آئے
نجاتِ جن و بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**محمد اسلم مرشد آبادی**
136, Mahatma Gandhi Road,
Kolkata-700007
Mob:9239313372

سروں پہ سایہ کناں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے راحتِ جاں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہزار یورشِ رنج و الم ہو اے شاکرؔ
رہے گا وردِ زباں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**شاکر ندیم**
**283/4, Belilious Road,**
**Tikiapara, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9231897037**

ہے میرے لب پہ بیاں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
مری ہے روحِ رواں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
کروں نہ غیر کو سجدہ کبھی میں اے خالقؔ
ہے میرے دل میں نہاں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**خلیق الزماں خالق**
**Kulti**
**Burdwan**
**(West Bengal)**



زمیں سے تا بہ فلک لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ہیں پڑھتے جن و ملک لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ثنائے حقِ تعالیٰ کی گونج ہر جانب
ازل سے حشر تلک لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**فیروز اختر**
**11, Madartalla Lane,**
**Pilkhana, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:8981667055**

بِنائے دینِ مبیں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
ضیائے داغِ جبیں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ
دوام کس کو میسر ہے اِس جہاں میں سلیمؔ
سوائے مہرِ یقیں لا اِلٰہٗ اِلَّا اللّٰہ

**سلیم سرفراز**
**J.N.Farmacy, K.T.Road,**
**Railpar, Asansol (W.B)**
**Mob:9378291891**

چراغِ راہ گزر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
برائے اہلِ سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کسی کے سامنے وہ سر جھکا نہیں سکتا
ہو جس کے پیشِ نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سلطان ساحر**
**12, Jola Para Masjid Lane,**
**Tikiapara, Howrah-711101**
**Mob:7044181988**

دلوں پہ نقش رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر اک زبان کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مزہ تو جب ہے کہ اخترؔ رگوں میں انساں کی
لہو کے ساتھ بہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اختر بارکپوری**
**Out Post Road, Nai Basti,**
**Barrackpur, Kolkata-700120**
**Mob:9339287065**



متاعِ فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے وردِ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دیوانہ وار چلا ہوں میں جانبِ منزل
مرا ہے زادِ سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شوخ لطیفی**
**49, Tiljala Masjid Bari Lane,**
**Kolkata-700039**
**(West Bengal)**

صدائے پیر و جواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک لب پہ رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اگر رسولؐ کی الفت ہو قلبِ مومن میں
رہے گا وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سید ومیق الارشاد ضیغم**
**22 Khanqah Sharif Lane,**
**Kolkata-700014**
**Mob:9433341455**

پڑی ہے خاک میں جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر اک نبی کا بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
رہے خیال ، محمدؐ کے امّتی ہو جمالؔ
ازل سے وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**وجیہ الدین جمال**

**156, N.R.R.Road, Railpar,**
**Asansol (West Bengal)**
**Mob:9333109530**

زباں سے ہو جو ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
فضا میں گونجے صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک بندۂ مومن دعا یہ کرتا ہے
ہو لب پہ وقتِ قضا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مرتضٰی حسین مضطر**

**29/33, Jheel Road, Kashipur**
**Kolkata-700002**
**Mob:9339805363**



انا ضمیر کی جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اور اُس کی روحِ رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مُوَحِّدین کے ہمراہ جھوم کر معشوق
پڑھا ہے شہرِ بُتاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**معشوق انجم**

**Kulti,**
**Bardwan**
**(West Bengal)**

بِنائے کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے انبیاء کی زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مرے لبوں پہ ہے پیہم یہ کلمۂ توحید
ہے وجہِ راحتِ جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اشتیاق احمد اشتیاق**

**Imam Chhoti Masjid**
**Bright Street, Kolkata-700017**
**Mob:9831046863**

یقیں کا پہلا قدم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وجود کا ہے بھرم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
شکیلؔ اُس کو عطا کیوں نہ سرفرازی ہو
ہے جس کے دل پہ رقم لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شکیل گونڈوی**
**T.17C, Biplabi Ankul Chandra Street,**
**Kolkata-700072**
**Mob:7003809247**

یہی ہے وجہِ ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ ہے بِنائے بقا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی وہ کلمہ ہیں پڑھتے ہیں جس کو ارض و سما
ہے اِس میں نامِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ڈاکٹر نور محمد عاجز**
**Noor Cottage, Bahadur Ganj,**
**Laheria Sarai, Darbhanga (Bihar)**
**Mob:9122831652**



مجال ہے یہ کسے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جھکا سکے جو تجھے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہ حق نواز جسے ڈالا جائے شعلوں میں
محافظت میں رکھے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**رفیق انجم**
**Vill & Post: Bathia**
**Darbhanga (Bihar)**
**Mob:9973077924**

اُفق پہ شمس و قمر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زمیں پہ برگ و ثمر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اُسی کے دم سے ہے قائم جہان میں رونق
پڑھے ہر ایک بشر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سعید آزر**
**4/1, J.K.Gosh Lane,**
**Belgachhia,**
**Kolkata-700037**

نظر میں جلوہ ترا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں پہ کلمہ ترا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
گناہ گار ، طلب گار تیری رحمت کا
شمیمؔ بندہ ترا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شمیم اختر**
C/O: Sajid Accountant
O.K.Road, Asansol-713302 (W.B)
Mob:9832837881

ہے لفظِ کن سے عیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ کیوں ہو وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے بے خودی کا نتیجہ الٰہِ لا تعداد
"خودی کا سرِّ نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ"

**فاروق اعظم انصاری**
Karam Ganj, Laheria Sarai,
Darbhanga (Bihar)
Mob:06272-256167



کبھی تو برقِ تپاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کبھی ہے آبِ رواں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ پہلے کلمے کی اعلیٰ صفت ہے اے نادمؔ
جو کر رہا ہوں بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مکرم علی نادم**
Kulti
Bardwan
(West Bengal)

ہر ایک دل کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک دل کی شفا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہی ہے آرزو میری خدایا وقتِ قضا
زبان سے ہو ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**محمود مجیدی**
H.No.30, Gate No.21, Baraipara,
Jagtadal, 24 parganas (W.B)
Mob:9331046316

کھلے جو آنکھ کہوں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہمیشہ ورد کروں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
یہ آرزو ہے اے آزادؔ جبکہ دم نکلے
میں صدق دل سے پڑھوں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**منشی محمد حسین آزاد**
**16/D, P.K.Das Lane**
**Rishra, Hoogly (W.B)**
**Mob:033-32412563**

بوقتِ صبح پڑھوں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
جو آئے رات کہوں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
تمام مشکلیں آسان ہوتی جائیں گی
ہمیشہ ورد کروں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**نسیم حبیبی**
**256/B/1, Belilious Road,**
**Tikiapara, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9331068799**



زباں پہ رکھئے سدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
کلامِ حق ہو ادا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
ہے دین و دنیا کی اِس میں بھلائی اے منظرؔ
اسی پہ دل ہے فدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**منظر صدیقی**
**Baqar Ganj, Laheria Sarai,**
**Darbhanga (Bihar)**
**Mob:**

ہے دھڑکنوں کی صدا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
تو بندگی کی ادا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ
تھا کم نصیب ابو جہل کیسے پڑھتا وہ
جو کنکری نے پڑھا لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ

**منور عالم راہی**
**Rajdhani Tailors, Nadvi Market,**
**Laheria Sarai, Darbhanga (Bihar)**
**Mob:9852505654**

سکونِ قلب و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
دوائے دردِ جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بنے گا حشر کے دن میری مغفرت کی سند
پڑھوں گا روز اثرؔ لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ممتاز اثر**

**R.K.Road,**
**Rishra, Hoogly**
**(West Bengal)**

کروں میں ذکرِ خدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں سے نکلے صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے آرزو مری اے آرزوؔ کہ موت کے وقت
ہو میرے لب سے ادا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ریاض آرزو**

**Room No.5, Purani Bazar,**
**Bansbaria, Hoogly (W.B)**
**Mob:9839238896**



پڑھیں وہ کیوں نہ سدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہے مومنوں کی دعا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہو ناز کلمۂ طیب پہ کیوں نہ مجھ کو نازؔ
کہ میں نے کلمہ پڑھا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نادرہ ناز**

**11/1/1/H/3, Harsi Street,**
**Kolkata-700009**
**Mob:9836192992**

فلک سے تا بہ جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نظامِ دیں کا نشاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مرا وظیفہ یہی ہو کہ سعدیہؔ ہے یہی
وقارِ نطق و زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سعدیہ صدف**

**67, Maulana Shaukat Ali Street,**
**Kolkata-700073**
**Mob:9831365693**

یقین ہے یہ مرا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اسی کی حمد و ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
غفور کہئے ، رحیم و کریم بھی کہئے
خلوصِ دل کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**مسعود نہال**
**48/H/1, Bright Street,**
**Kolkata-700017**
**Mob:033-22834458**

ہے میرے دل میں نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ جیسے جسم میں جاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کیا ہے جس نے بھی اقرار صدق دل سے حمیدؔ
ہے اُس کا دونوں جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عبدالحمید**
**48/H/1, Bright Street,**
**Kolkata-700017**
**Mob:033-22834458**



ہمیشہ ورد کرے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زباں سے جو کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نجات اُس کی نہ کیوں ہو شگفتہؔ محشر میں
جو صدق دل سے پڑھے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شگفتہ آفرین**
**20, Tanti Bagan Lane,**
**Kolkata-700014**
**Mob:9874129409**

ہے کلمہ سب کے لئے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بصد خلوص پڑھے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ ہوگا خوف زمانے میں اُس کو دشمن کا
جو صدق دل سے کہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**عطیہ حسین خان**
**78, Jolapara Masjid Lane,**
**Tikiapara, Howrah-711101 (W.B)**
**Mob:9231306036**

جہاں میں صبح و مسا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
کہ گونجتی ہے صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یہ آسمان و زمیں ، بحر و بر بھی کرتے ہیں
خدا کی حمد و ثنا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**زیڈ ۔ این ۔ بانو**
**Shibpur**
**Howrah**
**(West Bengal)**

سرورِ قلب و جگر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اجالے پھوٹتے ہیں اس کے بطن سے ہردم
یقین کی ہے سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ودود عالم آفاقی**
**Narayanpur, Rajarhat,**
**24 Parganas (W.B)**
**Mob:9051937061**



خودی تھی حق کی صدا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خودی تھی کرب و بلا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
یزید جھوم رہا تھا نشے میں دولت کی
خودی نے بڑھ کے کہا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**نور اقبال**
**16, Baraipara, R.L.B.Lane,**
**24 Parganas-743194 (W.B)**
**Mob:9239039240**

خودی ہے کوہِ ندا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خودی ہے کوہِ تشاء لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نبیؐ کے دین کے آگے کوئی بھی ٹک نہ سکا
جہاں میں پھیل گیا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**ریشما ممتاز**
**11/3, B.L.No.5, Jagtadal,**
**24 Parganas-743125**
**(West Bengal)**

عقیدتوں کا بیاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
متاعِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
خدائے پاک یہ ہے میری آرزو کہ رہے
ہمیشہ وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شکیل احمد کنگ**
10/2, Watganj Street,
Kolkata-700023
Mob:9836534901

متاعِ عشقِ نبی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بہ فیضِ خوش لقبی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بھلا نہ کیوں رہے عبدالحمید دیدہ نم
عجب ہے رازِ خودی لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سید عبدالحمید حسینی**
Asansol
(West Bengal)
Mob:XXXXXXXX



زباں پہ کیوں نہ رہے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
لکھا ہے دل پہ مرے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جو دل سے پڑھتا ہے پرویزؔ اُس کی بخشش کا
وسیلہ کیوں نہ بنے لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**یونس پرویز (کلکتہ)**

وہی ہے طرزِ سخن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
وہی ہے عظمتِ فن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہر ایک لفظ میں پوشیدہ لا شریک لہٗ
وہی ہے لطفِ دہن لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**سلام کیفی (مدھوپور)**

چراغِ راہِ ھدیٰ لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
امینِ سرِّ بقا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مریضِ کہنۂ انسانیت نہ ہو مایوس
ہے تیرے دکھ کی دوا لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**تاج الدین اشعر**

دعائے شام و سحر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
یہی ہے زادِ سفر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
بتوں کو توڑ تخیل کے ہوں کہ پتھر کے
ذرا بھی دیر نہ کر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**ماہر القادری**

کلیدِ بابِ کرم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
علاجِ کلفت و غم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
یہ واقعہ بھی نگاہِ جہاں نے دیکھا ہے
کہ کہہ اُٹھے تھے صنم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**راشد اللہ خاں جوہر**

بہارِ خلدِ نظر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
جمالِ روحِ سحر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
کشاکشِ حق و باطل میں اہلِ حق کے لئے
پیامِ فتح و ظفر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**حافظ دھامپوری**



قلندروں کی اذاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
سرودِ زندہ دلاں لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
نظر اُٹھا کہ جمودِ حیات بھی ٹوٹے
پکار زمزمہ خواں لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**مظہر الدین مظہر**

نجاتِ جن و بشر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
ہے اعتقاد اگر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
تو اپنی زیست کے خاکے میں بے خبر انساں
ذرا یہ رنگ تو بھر لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**ثمر شمس رامپوری**

دوائے دردِ الم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
وظیفۂ شبِ غم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ
ڈرائے کیوں مجھے باطل کا دبدبہ روشن
ہے لوحِ دل پہ رقم لا اِلٰہَ اِلَّا اللہ

**محمد شہود الحق روشن**

ہمارے دل میں نہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
ہمارے وردِ زباں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
اب ایسے دور میں داخل ہوئی ہے یہ دنیا
پڑھے گا سارا جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**منظور علی عاقب**

متاعِ فکر و نظر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نویدِ علم و خبر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
مذاقِ موسیٰ عمراں ودیعتِ باری
ہجومِ برق و شرر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**قمر مراد آبادی**

جہاں بھی دیکھیں وہیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نگاہ جائے کہیں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
زمیں بھی ناز کرے جس پہ وہ یہ کلمہ ہے
یہ فخرِ عرشِ بریں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**اقتدار افسر**



اساسِ کون و مکاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بِنائے ہر دو جہاں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ کر سکے کوئی اندازہ اس کی قیمت کا
ہر ایک شے سے گراں لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**متین قریشی**

جہاں کا خوف نہ کر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
جہاں ہے زیر و زبر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بجا نشیب و فرازِ رہِ وفا لیکن
مجھے ہے حکمِ سفر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**محمد فاروق**

زباں پہ شام و سحر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
نہ کوئی خوف نہ ڈر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ
بُتانِ عصر کی جانب کھڑے ہیں اہلِ ہوس
میں اُس طرف ہوں جدھر لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

**شفق طاہری**